سبق نمبر:27

باشعور صارف بنیں

جواب: صارفین وہ ہوتا ہے جو بازار سے اپنی ذاتی ضروریات کے لیے اشیاء کو خریدتا ہے۔ ہمارے ملک میں مختلف قسم کے صارفین ہیں۔

ہندوستانی صارفین کی درجہ بندی: ہمارے صارفین کو مندرجہ ذیل کے عوامل کی بناء زمروں میں درجہ بندی کی گئی۔

1) عمر : بچے، نوجوان، بالغ، بزرگ

2) جنس : مرد، خواتین

3) سماجی وثقافتی حیثیت : خواندہ، ناخواندہ، روزگار، کاریگر، غیر کاریگر، دیہاتی اور شہری لوگ

4) معاشی حیثیت : امیر، غریب، درمیانی طبقہ

قیمت میں تغیر: آپ کو اشیاء کی خریدی سے قبل اس پر لگے لیبل کی جانچ کرنی چاہئے اور درج قیمت (ایم آر پی) سے زیادہ قیمت ادا نہیں کرنی چاہئے۔ درج قیمت (ایم آر پی) سے مراد تمام ٹیکسوں کے ساتھ چھپی ہوئی رقم۔ اگر آپ درج قیمت (ایم آر پی) سے زیادہ رقم ادا کر رہے ہوں تو رسید حاصل کریں کیوں کہ یہ آپ کو شکایت درج کرنے میں مدد کرتا ہے۔

معیاری اشیاء کی کمی: بازار میں غیر معیاری اشیاء کی بھر مار ہے کیوں کہ دکاندار غیر معیاری اشیاء کو ہی اچھی مانتے ہیں کیوں کہ اس سے ان کو معیاری اشیاء کے مقابلہ زیادہ منافع حاصل ہوتا ہے۔

نقلی اشیاء: بازار میں معیاری اشیاء کی نقل زیادہ مقدار میں پائی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر کولگیٹ ٹوتھ پیسٹ کے مشہور برانڈ کو کولی گیٹ کے جملہ کی غلطی کے ساتھ فروخت کیا جاتا ہے جو مشابہت، رنگ، جسامت، مزہ میں یکساں ہوتے ہیں۔

ملاوٹ: جیسے جیسے تجارت میں لالچ بڑھتا جا رہا ہے ویسے ایسے ملاوٹ بھی بڑھتی جا رہی ہے۔ ملاوٹ کی وجہ سے صارفین کا صحت اور معاشی طور پر استحصال کیا جا رہا ہے۔

درجہ بندی کے نشان	علامت	قابل یقینی اشیاء
ISI		بجلی کے آلات، کیمیائی اشیاء، کھلونے، پریشر کوکر، بسکٹ، کافی وغیرہ
FPO		محفوظ اشیاء، جیسے ٹین بند اشیاء، ترکاریاں جوس، جامس، چٹنیاں، اچار وغیرہ
Agmark		زرعی اور براہ راست اسٹاک اشیاء جیسے مصالحہ جات، اناج، آٹا، دالیں، انڈے، تیل، مکھن وغیرہ
ECO Mark		دوبارہ تیار شدہ، تحلیل شدہ اور ماحولیاتی دوست اشیاء جیسے محافظ اشیاء، صابن، پلاسٹک، پینٹ وغیرہ

MPO Mark		گوشت بکرے کا گوشت
Wool Mark	WOOL BLEND WOOLMARK®	اون اور اون سے بنی اشیاء
Hall Mark	BIS 100% Hall Marked Jewellery	طلائی اشیاء
Analysis, Critical Control Point	HACCP™ CERTIFIED by Quality Assurance Services	پروسیس کی ہوئی اشیاء
ISO Mark بین الا قوامی تنظیم برائے معیاری اشیاء		بین الاقوامی معیار کے انتظام پر ISO 9000 سیریز، ماحولیاتی دوست کے معیار ISO 14000 سیریز

صارفین کے حقوق کی معلومات آپ کو فروخت کنندوں اور تیار کنندوں کے ذریعہ مختلف اقسام کی دھوکہ دہی کے خلاف آواز اٹھانے میں مدد دیتی ہے۔

(i تحفظ کا حق: صارفین کو محفوظ اشیاء حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

(ii انتخاب کا حق: صارفین کو مختلف قسم کی اشیاء کا اپنی پسند سے انتخاب کرنے کا حق حاصل ہے۔

(iii اطلاعات کا حق: صارفین کو اشیاء کے تعلق سے معیار، خالص، طاقت اجزاء، قیمت وغیرہ کے بارے میں اطلاعات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

(iv نمائندگی کا حق: صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ اس کی خواہش کے مطابق مناسب انداز میں اس کے مفاد میں نمائندگی کی جائیگی۔

(v سنوائی کا حق: صارفین کو اس کے ساتھ پیش آئے دھوکہ دہی کے تعلق سے عدالت میں خود سے اظہار کرنے کا حق حاصل ہے۔

(vi ازالہ کا حق: صارفین کو غیر منصفانہ تجارت کے خلاف ازالہ حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ ممنوعہ تجارتی سرگرمیوں، بے ایمانی واستحصال کے خلاف ازالہ کرنے کا حق حاصل ہے۔

(vii صارفین کی تعلیم کا حق: صارفین کو سماج میں موجود ''برائیوں'' کو دیگر صارفین میں شعور بیدار کرنے کا حق حاصل ہے۔

(viii بنیادی ضروریات کا حق: صارفین کو زندگی گزارنے کے لیے بنیادی اشیاء وخدمات کو وقار کے ساتھ حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ جس میں مناسب غذاء، کپڑے، صحت کی دیکھ بھال، صاف پینے کا پانی، صفائی، پناہ، تعلیم، توانائی اور حمل ونقل شامل ہے۔

(ix صحت مند ماحول کا حق: ہم میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ صحت مند ماحول کے لیے قدم بڑھائیں، اگر حکومت اس بات کو یقینی نہ بھی بنائیں تو یہ ہماری ذمہ داری ہے۔